UR

©iStockphoto/janp013

نشان انگشت اور یوروڈیک

ضابطہ (EU) نمبر 603/2013 کی دفعہ 29(3) کی تعمیل میں تیسرے ملک کے شہریوں یا بے وطن افراد کے لیے معلومات جنہیں کسی خارجی سرحد کے بے ضابطہ طور پر عبور کرنے کے لیے گرفتار کیا گیا ہے

اگر آپ 14 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور آپ کو بے ضابطہ طور پر کوئی سرحد عبور کرنے کے لیے گرفتار کیا گیا ہے تو آپ کے نشان انگشت لے کر انہیں ”یوروڈیک“ کہلانے والے نشان انگشت کے ذخیرۂ معلومات کو ارسال کیا جائے گا۔ آپ کو اس کارروائی میں لازماً تعاون کرنا چاہیے - آپ کے لیے اپنے نشان انگشت فراہم کرنا قانوناً ضروری ہے۔

اگر آپ کے نشان انگشت واضح معیار کے نہیں ہیں جس میں یہ بھی شامل ہے کہ آپ نے جان بوجھ کر اپنی انگلیوں کو ضرر پہنچایا ہو تو آئندہ آپ کے نشان انگشت دوبارہ لیے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ آئندہ کبھی دوبارہ پناہ کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ کے نشان انگشت دوبارہ لیے جائیں گے۔ اگر آپ اس ملک کے بجائے، جہاں آپ کے نشان انگشت پہلی بار لیے گئے تھے، کسی مختلف ملک میں پناہ کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ کو پہلے ملک میں واپس بھیجا جا سکتا ہے جہاں آپ کے نشان انگشت لیے گئے تھے۔

آپ کے نشان انگشت 18 ماہ تک محفوظ رکھے جائیں گے – 18 ماہ کے بعد وہ ذخیرۂ معلومات سے خود کار طور پر مٹا دیے جائیں گے۔ صرف آپ کے نشان انگشت اور جنس یوروڈیک میں محفوظ رکھے جائیں گے - آپ کا نام، آپ کی تصویر، تاریخ پیدائش قومیت ذخیرۂ معلومات کو ارسال یا محفوظ نہیں کیے جاتے۔

آپ آئندہ کسی بھی وقت اس ملک سے جو آپ کے نشان انگشت لے رہا ہے یوروڈیک میں درج شدہ خود سے متعلق معلومات سے مطلع کیے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ معلومات درست کرنے یا مٹانے کی درخواست کر سکتے ہیں - ان کو مٹا دینا چاہیے، مثال کے طور پر اگر آپ یورپی اتحاد(EU) یا اس سے ملحق ملک کے شہری ہو گئے ہیں یا آپ کو ان میں سے کسی ملک کا اقامتی اجازت نامہ مل گیا ہے اور آپ نے پناہ کی درخواست نہیں دی۔

یوروڈیک کو یورپی اتحاد کی ASIL-ue نام کی ایک ایجنسی چلاتی ہے۔ آپ کی معلومات صرف انہی مقاصد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں جن کی وضاحت قانون میں کی گئی ہے۔ صرف یوروڈیک سنٹرل سسٹم آپ کی معلومات وصول کرے گا۔ اگر آپ آئندہ یورپی اتحاد (EU)یا کسی ملحق ملک [1] میں پناہ کی درخواست دیتے ہیں تو آپ کے نشان انگشت تصدیق کے لیے اس ملک میں ارسال کیے جائیں گے۔ یوروڈیک میں محفوظ شدہ معلومات میں یورپی اتحاد(EU) اور ملحق ممالک سے باہر کسی دوسرے ملک یا تنظیم کو شریک نہیں کیا جائے گا۔

---

1) جہاں قانون اس کی اجازت دیتا ہو آپ کے نشان انگشت کی تفصیلات میں 27 یورپی اتحاد (EU) کے ممالک اور 4 محلق ممالک – ناروے، آئس لینڈ، سوئٹزر لینڈ اور لیختنسٹین کو شریک کیا جائے گا۔

20 جولائی 2015 سے پولیس اور یورپی پولیس آفس (یوروپول) (Europol) جیسی مقتدارت آپ کے نشان انگشت کی تلاشی لے سکتی ہیں جو سنگین جرائم اور دہشت گردی کی روک تھا، سراغ رسانی اور جانچ کے مقصد سے یوروڈیک ذخیرۂ معلومات تک رسائی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

© یورپی اتحاد (European Union) 2014
نقل کرنے کی اجازت ہے۔ انفرادی تصویروں کے استعمال یا نقل کے لیے حقِ اشاعت کے مالکان سے براہِ راست اجازت طلب کرنی لازمی ہے۔

معلومات رابطہ

یوروڈاک ڈیٹا کنٹرولر اور اس کا نمائندہ
Poliisihallitus رابطہ پوائنٹس: پولیس بورڈ اور
Maahanmuuttovirasto امیگریشن دفتر

رجسٹرار کے دفتر سے رابطہ کی معلومات
پولیس بورڈ
Poliisihallitus
PL 1000 (Vuorimiehentie 3),
02151 Espoo
+ 358 295 480 181
kirjaamo.poliisihallitus@poliisi.fi

امیگریشن دفتر
Maahanmuuttovirasto
PL 10, 00086 Maahanmuuttovirasto
+ 358 295 430 431 (سوئچ)
migri@migri.fi
www.migri.fi

اگر آپ اس معلومات کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں جو یوروڈاک سسٹم میں آپ کے بارے میں درج ہے، تو پولیس میں ذاتی طور پر درخواست کریں۔ اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے تیار ہو جائیں۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اس پولیس اسٹیشن سے رابطہ کریں جس کو آپ کی پناہ کی درخواست موصول ہوئی ہے۔ پولیس دفاتر کے رابطے کی معلومات پولیس کی ویب سائٹ poliisi.fi پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

نیشنل ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی سے رابطہ کی معلومات
ڈیٹا پروٹیکشن کمشنر کا دفتر
Tietosuojavaltuutetun toimisto
ملنے کا پتہ: Lintulahdenkuja 4, 00530 Helsinki
ڈاک کا پتہ: PL 800, 00531 Helsinki
سوئچ بورڈ: +358 29 566 6700
افراد کے لیے عام ٹیلیفون مشورہ: +358 29 566 6777
منگل – جمعرات am 9:00- am 11:00 بجے
tietosuoja@om.fi
www.tietosuoja.fi

European Commission

euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

Maahanmuuttovirasto
Migrationsverket
Finnish Immigration Service

POLIISI
POLISEN I FINLAND
Police of Finland

Rajavartiolaitos
Gränsbevakningsväsendet
The Finnish Border Guard

21.2.2024 - urdu